# Model Paper

## اردو(لازمی) (نیاکورس)

### 10th (Fresh/Reappear)

نوٹ:- سیکشن (ب)اورسیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹےاور40 منٹ ہیں۔

## سیکشن (ب) نمبر۳۶

سوال-II (الف) مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی سے نو(9) کے جوابات تحریر کریں۔

(۱) غالب نے میر مہدی مجروح سے آزردگی کا اظہار کس بات پر کیا؟

(۲) جملہ اسمیہ کی تعریف لکھیں۔ نیز تین اسمیہ جملے تحریر کریں۔

(۳) انجمن ترقی اردو کیلئے مولوی عبدالحق کے کردار پر نوٹ لکھیں۔

(۴) "اصل اہمیت زبانوں کو نہیں مطالب کو حاصل رہی" اس جملے کی وضاحت کریں۔

(۵) نظم "آزادی" کا خلاصہ تحریر کریں۔

(۶) دیئے گئے تراکیب کا مطلب واضح کریں۔ پاسبان رنگ وبو، مہر عالم تاب، تمدن کا چراغ، وارث اسرار فطرت

(۷) حکیم محمد سعید نے بخارا کے زوال کے بارے میں کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

(۸) جملہ معترضہ کی تعریف تحریر کریں۔ اور تین مثالیں دیکر واضح کریں۔

(۹) سجاد حیدر یلدرم نے فقیر کو کیوں خوش نصیب کہا؟ وضاحت کریں۔

(۱۰) اِن الفاظ وتراکیب کو جملوں میں استعمال کریں۔ ڈھنڈورا پیٹنا، تاراج، ڈھنڈار مکان، خدا کی پناہ

(۱۱) شیر عالم نے میمونے کو کیوں قتل کیا؟ وضاحت کریں۔

(۱۲) سبق "نام دیو مالی" سے ہمیں کیا عبرت حاصل ہوتی ہے؟

## سیکشن (ج) نمبر۲۴

سوال-III مصنف، سبق اوراس کے متن کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجئے۔ (5)نمبر

(الف) مگر بڑھیا کی پرانی ہڈیاں تھیں۔ پانچ سیر کا گھی کھایا تھا۔ وہ ایسی جلدی کیوں مرتی، اس کی تو اس بڑھاپے میں مٹی خراب ہوتی تھی۔ غرض کہ جب بڑی بی نے مرنے کا نام نہ لیا۔

(ب) اکثر مالیوں کو ڈانٹ ڈپٹ کرنی پڑتی ہے۔ ورنہ ذرا بھی نگرانی میں ڈھیل ہوئی، ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ گئے یا بیڑی پینے لگے یا سائے میں جا لیٹے۔ عام طور پر انسان فطرتاً کاہل اور کام چور واقع ہوا ہے۔

سوال-IV شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کریں۔ (5)نمبر

(الف)
عبادت ہے سراپا جذبۂ تعمیر آزادی
جہاں آزاد کر سکتے نہ ہوں تقریر آزادی
شہادت مستقل اک سرخیٔ تحریر آزادی
وہ آزادی مری نظروں میں ہے تحقیر آزادی

(ب)
یوں گلشنِ فلک سے ستارے ہوئے رواں
آئی بہار میں گل مہتاب پر خزاں
چن لے چمن سے پھولوں کو جس طرح باغباں
مرجھا کے گر گئے ثمر و شاخِ کہکشاں

سوال-V بحوالہ شاعر کسی ایک غزلیہ جُزو کی تشریح کریں۔ (5)نمبر

(الف)
نگاہِ یار جسے آشنائے راز کرے
دلوں کو فکر دو عالم سے کر دیا آزاد
وہ اپنی خوبی قسمت پہ کیوں نہ ناز کرے
ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے

(ب)
ہونٹوں پہ کبھی ان کے مرا نام ہی آئے
حیران ہیں، لب بستہ ہیں، دلگیر ہیں غنچے
آئے تو سہی، برسرِ الزام ہی آئے
خوشبو کی زبانی ترا پیغام ہی آئے

سوال-VI دیئے گئے موضوعات میں سے ایک موضوع پر مضمون لکھئے۔ (9)نمبر

کمپیوٹر کے فوائد، اقبال اور اردو شاعری، سیلاب کی تباہ کاریاں

Result.pk